# اہل خانہ کے لیے گوگل ٹرانسلیٹ کے لیے ایک رہنمائی

آپ کے بچے کی گھر پر تعلیم کی معاونت کرنے کے لیے معلومات اور تجاویز

Department of Education

T&I 31287 Family Guide 02 Google Translate (Urdu)


# باخبر رہیں

ریموٹ لرنگ کے بارے میں تازہ ترین معلومات کو موصول کرنے کے لیے [www.schools.nyc.gov](http://www.schools.nyc.gov) پر جائیں۔

COVID-19 کی معمول میں تازہ ترین خبریں موصول کرنے کے لیے 692-692 پر "COVID" ٹیکسٹ کریں۔

ہماری ویب سائٹ کی معاونت گوگل ٹرانسلیٹ کے ذریعے کی گئی ہے۔ اس صفحے کے بالائی حصے میں اپنی ترجیحی زبان کو منتخب کریں۔





# ریموٹ لرننگ کے متعلق اہم معلومات

23 مارچ، 2020، کو نیو یارک شہر کے پبلک اسکولوں نے تمام طلبا کے لیے ریموٹ لرننگ کا آغاز کیا تھا جو کہ تعلیمی سال 2019-2020 کے اختتام تک ہو گی۔ ریموٹ لرننگ کے بارے میں تازہ ترین معلومات کو موصول کرنے کے لیے www.schools.nyc.gov پر جائیں۔

ہمارا مرکزی صفحہ ہمارے اسکولوں اور آپ کے بچے کی تعلیم کے متعلق اہم معلومات کا اشتراک کرتا ہے۔

نیو یارک کے تمام باشندے ایک دن میں تین وقت کے مفت کھانے پیر تا جمعہ موصول کر سکتے ہیں۔ اپنے نزدیک مفت کھانے کے ایک مقام کو تلاش کریں۔

اپنے بچے کی گھر پر تعلیم کی معاونت کرنے کے وسائل کے لیے طلبا کی سرگرمیوں کے صفحے پر جائیں۔

جن اہل خانہ کو اپنے بچے کے لیے انٹرنیٹ کی قابلیت کے ساتھ ایک آلے کی ضرورت ہے وہ آلے کی درخواست کے فارم کو مکمل کر کے یا 718-955-5100 ایکسٹینشن 5 پر رابطہ کر کے ایک آلے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

ہمارا اکثر پوچھے جانے والے سوالات کا صفحہ طلبا کے لیے ریموٹ لرننگ تک رسائی اور خدمات کے متعلق سوالات کے جوابات کا اشتراک کرتا ہے۔

علاقائی تقویتی مراکز (RECs) صفِ اول میں مدد کرنے والے افراد (فرسٹ رسپانڈرز) کے بچوں کو نگہداشت فراہم کرتے ہیں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ اہل ہو سکتے ہیں تو REC سروے کو مکمل کریں۔

# گوگل ٹرانسلیٹ

**گوگل ٹرانسلیٹ** ایک مفت آلہ کار ہے جو کہ زیادہ تر آلات پر دستیاب ہے۔ گوگل ٹرانسلیٹ کو متن، دستی تحریر، تقریر، اور ویب سائٹس 100 مختلف زبانوں میں ترجمہ کرنے کے لیے استعمال کیاجا سکتا ہے۔

**گوگل ٹرانسلیٹ آپ کے اسکول کے ذریعے فراہم کردہ ترجمہ اور ترجمانی کی جگہ نہیں لیتا ہے۔** لیکن گوگل ٹرانسلیٹ آن لائن مواد کو تلاش کرنے اور ان افراد کے ساتھ بات چیت کو بہتر بنانے میں مدد کر سکتا ہے جو آپ کی زبان نہیں بولتے ہیں۔

کمپیوٹروں کے لیے، گوگل ٹرانسلیٹ کو آپ کے ویب براؤزر کے حصے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ آئی فون، آئی پیڈز اور اینڈروائیڈ آلات کے لیے، گوگل ٹرانسلیٹ کو ایک ایپ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

اگر آپ کی ترجیحی زبان انگریزی نہیں ہے تو آپ اسکول کے اجلاس کے لیے سندیافتہ ترجمان کی یا اہم دستاویز کے پیشہ ورانہ ترجمے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

# اپنے فون یا ٹیبلیٹ کے لیے گوگل ٹرانسلیٹ کو ڈاؤن لوڈ کریں


1. گوگل ٹرانسلیٹ ایپ کو تلاش (سرچ) کریں:
   - iOS (ایپل) آلات کے لیے ذیل پر جائیں app store
   - اینڈرائیڈ آلات کے لیے ذیل پر جائیں Google Play

2. ایپ کو ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے "install" یا " cloud icon" پر کلک کریں۔

3. جانچ کریں کہ اگر گوگل ٹرانسلیٹ کامیابی کے ساتھ ڈاؤن لوڈ ہو گئی تھی۔ اب علامت (آئیکان) آپ کے براؤزر کے دائیں ہاتھ پر بالائی کونے میں نظر آئے گا۔

اگر آپ کے پاس محکمئہ تعلیم جانب سے فراہم کردہ انٹرنیٹ کی قابلیت کے ساتھ ایک آلہ ہے تو آلے میں پہلے ہی سے گوگل ٹرانسلیٹ ایپلیکیشن ہونی چاہیئے۔

1




2




3




# اپنے فون یا ٹیبلیٹ پر گوگل ٹرانسلیٹ کو استعمال کرنا

گوگل ٹرانسلیٹ میں ترجمہ کرنے کے ذیل انتخابات شامل ہیں:

1. **متن** (ٹائپنگ)
2. **کیمرہ** (متن کی تصویر اتارنا)
3. **دستی تحریر** (ٹچ پیڈ کے ساتھ تحریر کرنا)
4. **مکالمے** (بات چیت)
5. **آواز** (بول کر متن تحریر کرنا)


آپ اپنے فون پر زبانوں کو بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں تاکہ آپ گوگل ٹرانسلیٹ کو آف لائن بھی استعمال کر سکیں۔



# متن اور دستی تحریر

**متن اور دستی تحریر** کی خصوصیت آپ کو متن کو ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنے میں مدد کرتی ہے۔

ایک بار اپنی زبان منتخب کر لینے کے بعد، ایک زبان میں الفاظ یا فقروں کو ٹائپ یا دستی طور پر تحریر کریں۔ ایپلیکشن آپ کے داخل کردہ متن کا آپ کی منتخب کردہ زبان میں ترجمہ کرنے کی پوری کوشش کرے گی۔






نے اندراج کو دستی طور
تحریر کرنے کے لیے
چ پیڈ (چھو کر ٹائپ
رنے) کو استعمال کرنے
ے لیے (قلم) "pen"
یکان کو چھوئیں۔


# کیمرہ

کیمرہ کی خصوصیت آپ کو تصاویر کا ترجمہ ایک زبان سے دوسری زبان میں کرنے دیتا ہے۔

- اپنے کیمرہ کا رخ ایک تصویر پر اس وقت تک کریں جب تک ایک زبان کی پہچان اور ترجمہ ہو جائے۔
- آپ 'ایمپورٹ' کے آلہ کار کو استعمال کر کے اس تصویر کو اپنے پاس رکھنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔







# بات چیت اور آواز

بات چیت اور آواز کی خصوصیات آپ کو ایک زبان میں بولنے دیتی ہے اور پھر جو کچھ آپ نے کہا ہے اس کو ایک دیگر زبان میں دہراتی ہے۔

آپ **دونوں** خصوصیات کو استعمال کر سکتے ہیں، جو کہ خود کار طریقے سے استعمال کردہ زبانوں کو تلاش کرتی ہے جیسے کہ آپ کسی فرد سے بات کر رہے ہوں۔




# گوگل ٹرانسلیٹ کو ڈاؤن لوڈ کرنا

گوگل ٹرانسلیٹ کو آپ کے کمپیوٹر پر حاصل کرنے کے لیے آپ کو دو چیزوں کی ضرورت ہو گی: **کروم ویب براؤزر** اور **گوگل ٹرانسلیٹ ویب ایکسٹینشن**۔

اگر آپ کے پاس پہلے سے ہی **کروم ویب براؤزر** نہیں ہے تو ذیل اقدامات کی پابندی کریں:

1. اپنے ویب براؤزر پر google.com/chrome/ پر جائیں۔
2. "**Download Chrome**" پر کلک کریں۔
3. کروم ویب براؤزر کو نصب (انسٹال) کرنے کے لیے ڈاؤن لوڈ کردہ فائل کو کھولیں۔

- ونڈوز کے لیے فائل کا نام "chromeSetup.exe" ہے اور میک (Mac) کے لیے "googlechrome.dmg" ہے۔



# گوگل ٹرانسلیٹ کو ڈاؤن لوڈ کرنا (جاری)

اب جبکہ آپ کے پاس Google Chrome browser ہے، اس کے بعد آپ کو **گوگل ٹرانسلیٹ ویب ایکسٹینشن** کی ضرورت ہو گی۔


**گوگل ٹرانسلیٹ ویب ایکسٹینشن** کو ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ذیل اقدامات کی پابندی کریں:

1. اپنے کروم ویب براؤزر کو استعمال کر کے Chrome Web Store پر جائیں اور **"Google Translate"** کو تلاش کریں۔
2. **"Add to Chrome"** پر کلک کریں۔
3. جانچ کریں کہ اگر گوگل ٹرانسلیٹ کامیابی کے ساتھ ڈاؤن لوڈ ہو گئی تھی۔ اب علامت (آئیکان) آپ کے براؤزر کے دائیں ہاتھ پر بالائی کونے میں نظر آئے گا۔


1




2




3



# ویب سائٹس کا ترجمہ کرنا


## ویب سائٹس کا ترجمہ کرنے کے لیے:


- اپنی اسکرین پر دائیں ہاتھ کے بالائی حصے میں "Google Translate" کے آئیکان پر کلک کریں۔
- "Translate this Page" پر کلک کریں۔
- اپنی ترجیحی زبان منتخب کریں۔

## ایک ویب سائٹ پر مخصوص الفاظ یا فقروں کا ترجمہ کرنے کے لیے:

- جس متن کا آپ ترجمہ کرنا چاہتے ہیں اس کو ہائی لائٹ کریں اور (دائیاں) رائٹ کلک کریں۔
- "Google Translate" کو منتخب کریں۔

آپ اس انتخاب کو گوگل کلاس روم کے مواد کا ترجمہ کرنے کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں، بشمول دستاویزات، فارمز، اور ای میل۔




# گوگل (ڈاکس) دستاویزات کا ترجمہ کرنا


گو گل ڈاکس ایسے آن لائن دستاویز ہیں جن کو آپ کے بچے کو مفوضہ کام کرنے اور اس کو جمع کروانے کے لیے استعمال کرنے کے لیے کہا جا سکتا ہے۔


اگر مفوضہ کام انگریزی میں ہے اور آپ اپنی ترجیحی زبان میں ایک نقل کو سنبھال کر رکھنا چاہتے ہیں تو آپ گوگل ڈاکس میں ٹرانسلیٹ کے آلہ کار (ٹول) کو استعمال کر سکتے ہیں۔

گوگل ڈاکس کا ترجمہ کرنے اور نقل بنانے کے لیے ذیل کریں:

1. اپنے براؤزر مینو میں **"Tools"** انتخاب پر کلک کریں۔
2. **"Tranlsate Document"** پر کلک کریں۔ زبان کو منتخب کریں، اس کے بعد **"Translate"** پر کلک کریں۔
3. اب آپ نے اپنے لیے ایک نقل بنا لی ہے۔



# ریموٹ لرنگ کے لیے NYCDOE کے لنکس

نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم
https://www.schools.nyc.gov/

طلبا کے لیے سرگرمیاں
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/activities-for-students

تکنیکی آلہ کار اور معاونت
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/technical-tools-and-support

ریموٹ لرنگ کے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/information-on-remote-learning

مفت کھانے
https://www.schools.nyc.gov/school-life/food/free-meals

ریموٹ لرنگ کے لیے آلات
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/ipad-distribution

علاقائی تعلیمی تقویتی مراکز
https://www.schools.nyc.gov/enrollment/enrollment-help/regional-enrichment-centers

محکمئہ تعلیم کی جانب سے آپ کے آئی پیڈ کے ساتھ آغاز کرنا
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/ipad-distribution/getting-started-with-your-ipad